
© rasailojaraid.com



محمد اسرار ابن مدنی
نائب مدیر الحق



# تعارف وتبصرہ کتب

• **تذکرہ علماء خیبر پختونخوا** ---------- مؤلف: محمد قاسم بن محمد امین صالح

ضخامت: ۶۷۹ صفحات    ناشر: دارالقرآن والسنۃ سلطان آباد وآدینہ صوابی

تاریخ کا ایک جز سوانح، تذکرہ اور وفیات نویسی ہے جو اسلامی عہد میں عربی زبان سے شروع ہوئی اور اس نے دوسری زبانوں کو بھی متاثر کیا عربی میں اس فن کے حوالے سے سینکڑوں کتابیں موجود ہیں جن کا احاطہ مشکل ہے اردو زبان میں بھی اس فن نے کافی ترقی کی ہے اور بے شمار کتابیں لکھی جا چکی ہیں۔

زیر تبصرہ کتاب ''تذکرہ علمائے خیبر پختونخوا'' بھی اس حسین سلسلے کی ایک کڑی ہے جس میں مولانا محمد قاسم صالح نے پاکستان کے مردم خیز صوبہ خیبر پختونخوا کے علماء، دانشور اور صوفیائے کرام کا مختصر تعارف اور ہر مکتب فکر اور مسلک سے تعلق رکھنے والے شخصیات کا تذکرہ کیا ہے، ہر شخصیت کے حالات، علمی خدمات اور تصنیفی کاوشوں پر روشنی ڈالی گئی ہیں، اس کتاب کا اسلوب روایتی سوانحی تذکروں کی کتابوں سے قدرے مختلف اور ایک حد تک منفرد بھی ہے ۔اختصار کے باوجود اس میں جامعیت پائی جاتی ہے گویا یہ سوانحی ادب کا ایک انسائیکلوپیڈیا ہے، اصول تحقیق کے معیار پر پورا اترتا ہے حسب استطاعت موصوف نے بھرپور کوشش کی ہے کہ اس میں کوئی تشنگی باقی نہ رہے ۔تاہم جو تشنگی شخصیات اور معلومات کے حوالے سے پائی جاتی ہے، آئندہ ایڈیشن میں اسے دور کرکے مزید مزین فرمائیں گے ۔یہ کتاب اہل علم ونظر کیلئے مشعل راہ ثابت ہوسکتی ہے۔

• **تذکرۂ علماء صوابی** ---------- مؤلف: ضیاء اللہ جدون حقانی

ضخامت: ۷۳۰    ناشر: نواتقان جدون فاؤنڈیشن جیک گدون صوابی

زیر تبصرہ کتاب ''تذکرۂ علماء صوابی'' تاریخ کے گوشہ سوانح نگاری سے متعلق ہے، جو علماء کرام و بزرگان دین ضلع صوابی کی حیات وخدمات اور تذکروں پر مشتمل مجموعہ ہے۔ ضلع صوابی ایک مردم خیز خطہ ہے، بقول حضرت مولانا سمیع الحق صاحب کہ صوابی صوبہ خیبر پختونخوا کا سمرقند وبخارا ہے، خدمت دین کے ہر میدان میں انکی خدمات عیاں ہے ۔مولانا ضیاء اللہ حقانی جدون نے حروف تہجی کے اعتبار سے ضلع صوابی

© rasailojaraid.com